جامع مسجد اہل حدیث کوٹلہ آئمہ میں جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 29 مارچ بروز سوموار بعد نماز عشاء جامع مسجد اہل حدیث کوٹلہ آئمہ میں جلسہ سیرت النبی ﷺ زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوا۔ جس کا آغاز قاری غلام رسول صدر مدرس شعبہ حفظ جامعہ علوم أثریہ کی تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ جلسہ سے حضرت مولانا محمد اسحاق اوکاڑوی، حضرت مولانا عبدالرحیم ساجد خطیب سرگودھا اور حافظ محمد اسلم شاہدروی نے خطاب کیا۔ قاری عبدالوہاب صدیقی نے نعتیہ کلام پیش کیا۔ نقابت کے فرائض مولانا قطب شاہ اور مولانا فیض احمد بھٹی نے سرانجام دیئے۔ یاد رہے کہ یہ جلسہ محمد مصدق کلیم سلیم پسوال کی شادی خانہ آبادی کے موقع پر ہوا۔

وفیات

ظفر علی (تاندلیانوالا، فیصل آباد) کو صدمہ

دبئی میں علامہ محمد مدنی رحمہ اللہ کے معتمد خصوصی ظفر علی کی ہمشیرہ محترمہ مورخہ 19 جنوری بروز منگل کو وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔ جس میں علاقہ بھر سے بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

چوہدری محمد شفیع، چوہدری عابد کریم، چوہدری عارف کریم، چوہدری ساجد کریم، چوہدری شاہد کریم، چوہدری شہزاد خرم، چوہدری خالد محمود، چوہدری آصف محمود اور چوہدری شہزاد مبارک کو صدمہ

مورخہ 20 جنوری بروز بدھ چوہدری محمد شفیع کے بھائی اور چوہدری عابد کریم، چوہدری عارف کریم، چوہدری ساجد کریم اور چوہدری شاہد کریم کے والد اور چوہدری شہزاد خرم، چوہدری خالد محمود، چوہدری آصف محمود اور چوہدری شہزاد مبارک کے چچا محترم عبدالکریم وفات پاگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

حاجی سلطان محمود، چوہدری محمد الیاس پٹواری و چوہدری محمد غیاث کو صدمہ

مورخہ 23 جنوری بروز ہفتہ حاجی سلطان محمود کے بھائی اور چوہدری محمد الیاس پٹواری و چوہدری محمد غیاث کے ماموں ریٹائرڈ انسپکٹر محمد صدیق طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

صدر انجمن اہل حدیث جہلم سید یونس علی شاہ بخاری ایڈووکیٹ اور سید بلال یونس بخاری ایڈووکیٹ کو صدمہ

مورخہ 29 جنوری بروز جمعہ انجمن اہل حدیث (رجسٹرڈ) جہلم کے صدر سید یونس علی شاہ بخاری ایڈووکیٹ کی بھاوج اور سید بلال یونس بخاری ایڈووکیٹ کی تائی محترمہ وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی نماز جنازہ ٹینکی والی گراؤنڈ بلال ٹاؤن میں شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی۔